2024-08-22

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

------------------------------------------------------------

* وزیر اعظم نریندر مودی آج وارسا میں پولینڈ کے اپنے ہم منصب Donald Tusk کے ساتھ وفود کی سطح کی بات چیت کریں گے۔وزیر اعظم کاروباری رہنماؤں اور پولینڈ کے ممتاز افراد کے ساتھ بھی گفتگو کریں گے۔

* وزیر اعظم نے بیرون ملک آباد بھارتی افراد سے اپنے خطاب میں کہا کہ بھارت تنازعات کو حل کرنے کیلئے مذاکرات اور ڈپلومیسی میں یقین رکھتا ہے۔

* سرکار نے سوشل میڈیا پلیٹ فارمس سے کہا ہے کہ وہ کولکاتہ آبروریزی واقعے میں متاثرہ خاتون کی شناخت کے تعلق سے سپریم کورٹ کے حکم پر عمل کریں۔

* آندھراپردیش میں فارما کمپنی میں دھماکہ ہونے کے واقعے میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد 17 ہوگئی ہے۔ وزیر اعلیٰ چندر بابو نائیڈو نے اعلیٰ سطح کی تحقیقات کا اعلان کیا ہے۔

* آسام سرکار نے کم عمر میں شادیوں کی روک تھام کیلئے مسلم شادی اور طلاق رجسٹریشن ایکٹ اور ضابطوں کو منسوخ کرنے کیلئے ایک بل کو منظوری دی ہے۔

* اور بھارتی موسمیات محکمے نے اگلے چند روز کے دوران ملک کے مشرقی، مغربی، شمال مغربی اور وسطی حصوں میں موسلا دھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

PM Poland

وزیر اعظم نریندر مودی آج وارسا میں پولینڈ کے اپنے ہم منصب Donald Tusk کے ساتھ بات چیت کریں گے، جس میں دونوں ملکوں کے وفود بھی شامل ہوں گے۔ امید ہے کہ دونوں رہنما باہمی تعلقات کا جائزہ لیں گے اور مختلف امور پر تبادلۂ خیال کریں گے۔ اِس میٹنگ سے دونوں لیڈروں کو دیگر راستے تلاش کرنے کا موقع ملے گا۔ جناب مودی پولنڈ کے صدر Andrzej Duda سے بھی ملاقات کریں گے۔ اِس سے پہلے وزیر اعظم نریندر مودی کا روایتی انداز سے خیر مقدم کیا جائے گا۔ وہ نامعلوم سپاہی کی یادگار پر گل دائرہ بھی نذر کریں گے۔ وزیر اعظم کاروباری رہنماؤں اور پولینڈ کے ممتاز افراد کے ساتھ گفتگو بھی کریں گے۔

کَل رات وارسا میں بھارت نژاد افراد سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ آج کا بھارت ہر ایک کے ساتھ رابطہ قائم کرنا اور سبھی کی ترقی اور بہبود چاہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کئی دہائیوں سے بھارت نے دیگر ملکوں سے دوری بنائے رکھنے کی پالیسی اختیار کر رکھی تھی لیکن آج کے بھارت کی پالیسی سبھی ملکوں کے ساتھ قریبی رابطہ قائم رکھنا ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت کا موقف بالکل واضح ہے کہ یہ جنگ کا دور نہیں اور بھارت تنازعات کو حل کرنے کیلئے مذاکرات اور ڈپلومیسی میں یقین رکھتا ہے۔ جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ بھارت خطے میں امن کی وکالت کرتا ہے۔ انہوں نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ دنیا اب وشو بندھو کے طور پر بھارت کا احترام کرتی ہے۔

جناب مودی دو ملکوں پولینڈ اور یوکرین کے دورے کے پہلے مرحلے میں کَل شام وارسا پہنچے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر انہوں نے کہا کہ اِس دورے سے بھارت-پولینڈ دوستی کو نئی رفتار ملے گی اور دونوں ملکوں کے عوام کو فائدہ ہوگا۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ گزشتہ 45 سال میں کسی بھارتی وزیر اعظم کا پولینڈ کا یہ پہلا دورہ ہے۔

## VC- Anand

وسطی یوروپ میں میں پولینڈ، بھارت کا ایک اہم ساجھیدار ہے۔ دونوں ملکوں کے درمیان باہمی تجارت 6 ارب ڈالر مالیت کی ہے اور اِس طرح وسطی اور مشرقی یوروپ میں پولینڈ، بھارت کا سب سے بڑا تجارتی ساجھیدار ملک ہے۔ پولینڈ میں بھارت کی سرمایہ کاری تقریباً 3 ارب ڈالر ہونے کا اندازہ لگایا گیا ہے جبکہ بھارت میں پولینڈ کی سرمایہ کاری لگ بھگ ایک ارب ڈالر مالیت کی ہے۔ پولینڈ میں کئی بھارتی کمپنیاں کاروبار کررہی ہیں اور آئی ٹی، الیکٹرانکس، دواسازی، اسٹیل، دھات اور کیمیکل سمیت مختلف شعبوں میں کام کررہی ہیں۔ اِدھر پولینڈ کی تقریباً 30 کمپنیاں بھارت میں مختلف کاروباری سرگرمیوں سے وابستہ ہیں۔

## IT Ministry RG Kar Incident

الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کی وزارت نے ملک میں کام کرنے والے سوشل میڈیا پلیٹ فارمس سے کہا ہے کہ وہ RG Kar میڈیکل کالج واقعے میں ہلاک ہونے والی خاتون کی شناخت سے متعلق سپریم کورٹ کے حالیہ حکم پر عمل کریں۔

سپریم کورٹ نے اپنے حکم میں یہ ہدایت دی ہے کہ مذکورہ خاتون ڈاکٹر کے نام کے ساتھ ساتھ تصویروں اور ویڈیو Clips کے تعلق سے ہر طرح کے مواد کو سبھی سوشل میڈیا پلیٹ فارمس اور الیکٹرانک میڈیا سے بلا تاخیر ہٹایا جائے۔

مذکورہ حکم کی روشنی میں وزارت نے سبھی سوشل میڈیا کمپنیوں پر زور دیا ہے کہ وہ اِس بات کو یقینی بنائیں کہ اِس طرح کی حساس جانکاری کی مزید تشہیر نہ ہو۔ اُس نے یہ بھی کہا ہے کہ سپریم کورٹ کے حکم کی تعمیل نہ کرنے کی صورت میں قانونی مضمرات اور مزید انضباطی کارروائی کا سامنا کرنا ہوگا۔

## Badlapur Case

مہاراشٹر کے تھانے ضلعے میں گھاٹ کوپر کے مقام پر ایک پرائیویٹ اسکول میں دو نابالغ لڑکیوں کے ساتھ جنسی زیادتی کے حالیہ کیس کے تناظر میں ریاستی سرکار نے ایک ایڈمنسٹریٹر کے تقرر کی منظوری دی ہے۔ حالیہ واقعات کے پس منظر میں اسکول طلباء کی سلامتی اور تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے نئے انتظامات کے سلسلے میں ایک گورنمنٹ Resolution بھی جاری کی گئی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

## VC- Ankita Apte

متعلقہ حکم نامے کے تحت پورے مہاراشٹر میں سبھی اسکولوں میں ایک مہینے کے اندر اندر اہم مقامات پر CCTV کیمرے لگانے کو کہا گیا ہے۔ اسکولوں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ تیسرے فریق کے ذریعے ملازمین کا تقرر کرتے وقت یا کنٹریکٹ پر کام پر رکھنے کیلئے انتہائی چوکسی سے کام لیں اور پولیس کے ذریعے اُن کی تصدیق کرائیں۔ وشاکھا رہنما خطوط کی طرز پر اسکولوں میں ایک ہفتے کے اندر اندر طلباء سکیورٹی کمیٹیاں بنائی جائیں گی۔ اِن سبھی انتظامات، اُن پر عملدرآمد اور اُن کے موثر ہونے پر نظر رکھنے کیلئے سرکار نے ایک کمیٹی کی منظوری دی ہے جس میں اسکولی تعلیم کے کمشنر اُس کے چیئر پرسن ہوں گے۔

## Assam Muslim Marriage Bill

آسام میں کابینہ نے 1935 کے مسلم شادی اور طلاق رجسٹریشن ایکٹ اور ضابطوں کو منسوخ کرنے کیلئے ایک بل کو منظوری دی ہے، جس کے تحت مخصوص حالات میں کم عمر میں شادی کی اجازت تھی۔ اِس سے پہلے اِس سال کے اوائل میں ریاستی کابینہ نے مذکورہ ایکٹ رد کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔

ریاست کے وزیر اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما نے کہا ہے کہ کابینہ نے کم عمر میں شادی کے خلاف اضافی تحفظات شامل کرکے آسام کی بیٹیوں اور بہنوں کیلئے انصاف کو یقینی بنانے کی خاطر ایک اہم قدم اٹھایا ہے۔ یہ نیا بل اگلے اجلاس میں ریاستی اسمبلی میں پیش کیا جائے گا۔

## Electronic Processes

مدھیہ پردیش نے ملک میں ایسی پہلی ریاست بن کر نمایاں سنگ میل حاصل کیا ہے جہاں سمن اور وارنٹ ڈجیٹل طریقے سے جاری کرنے کی اجازت دینے سے متعلق ضابطوں کو باقاعدہ شکل دے دی گئی ہے۔ اِس اہم پہل کے تحت عدالتی عمل کے سلسلے میں الیکٹرانک وسیلوں کے استعمال کی اجازت دی گئی ہے، جن میں ای-میل، WhatsApp جیسی Apps اور Text Message جیسے طریقے شامل ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

## VC- Sanjeev Sharma

مدھیہ پردیش کے محکمہ داخلہ نے باقاعدہ طور پر مدھیہ پردیش گزٹ میں مدھیہ پردیش الیکٹرانک پروسیس (اجرا، سروس اور عمل درآمد) ضابطہ 2024 کو شائع کردیا ہے۔ اس قدم کی تعریف کرتے ہوئے مدھیہ پردیش کے وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے کہا کہ ملک کے نئے قانون بھارتیہ ناگرک سُرکشا سنہیتا 2023 کے تحت منظور کیے گئے اس ضابطے کا مقصد عدالتی عمل میں تیزی لانا، قانونی عمل کومستحکم کرنا اور عدالتی نظام کی کارکردگی کو بڑھانا ہے

## S/B MP CM

گزٹ نوٹیفکیشن کے مطابق نئے ضابطوں کا اطلاق اس وقت ہوگا جب متعلقہ فرد میسیج ایپ جیسے وہاٹس ایپ یا دیگر ڈجیٹل کمیونکیشن وسیلوں کا استعمال کرے گا۔

بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں فہیم احمد

## AP CM Reactor Explosion Porbe

آندھرا پردیش میں کَل Anakapalli ضلعے کے خصوصی اقتصادی زون Achyutapuram میں، Essentia Pharma Company میں ری ایکٹر۔دھماکے میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد 17 ہوگئی ہے۔ وزیراعلیٰ این چندرا بابو نائیڈو نے اعلان کیا ہے کہ حادثے کی اصل وجہ کا پتہ لگانے کیلیے اعلیٰ سطحی تحقیقات کی جائے گی۔

اگر فیکٹری انتظامیہ کسی لاپرواہی کا مرتکب پائی گئی تو اس کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

انھوں نے اِس دردناک حادثے کے بعد کی صورتحال پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے کَل رات ضلع حکام، صنعتی محکموں، صحت محکمے کے اہلکاروں، ضلعے کے عوامی نمائندوں اور وزارء کے ساتھ ایک ٹیلی کانفرنس منعقد کی۔

وزیراعلیٰ نے جانوں کے اتلاف پر گہرے صدمے کا اظہار کیا اور یقین دلایا کہ حکومت سبھی متاثرین کی مدد کرنے کی پوری ذمہ داری لے گی۔

جناب نائیڈو آج Achyutapuram کا دورہ کریں گے جہاں وہ حادثے میں ہلاک ہونے والوں اور زخمی افراد کے اہلِ خانہ سے ملاقات کریں گے۔

جناب نائیڈو صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے حادثے کی جگہ کا معائنہ بھی کریں گے۔x

## Prez. AP Incident

صدر جمہوریہ دروپدی مرمونے آندھرا پردیش کے اناکا پلّی ضَلعے میں ایک فیکٹری سانحے میں جانوں کے اتلاف پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ انھیں حادثے میں جانوں کے اتلاف کے بارے میں سن کر بہت افسوس ہوا ہے۔ صدر جمہوریہ نے زخمی افراد کی جلد صحتیابی کی دعا کی ہے۔

## PM Ex Gratia AP Incident

وزیراعظم نریندر مودی نے آندھرا پردیش کے اناکا پلّی ضلعے میں ایک فیکٹری سانحے میں جانوں کے اتلاف پر صدمے کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم کے دفتر نے وزیراعظم کے قومی راحتی فنڈ سے ہلاک ہونے والے افراد کے قریبی ورثا کو دو۔دو لاکھ روپے کی مدد کا اعلان کیا ہے۔ زخمیوں کو پچاس۔پچاس ہزار روپے دیے جائیں گے۔ وزیراعظم نے ہلاک ہونے والے افراد کے تئیں تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کے جلد صحتیابی کی دعا کی۔

## Karnataka National Space Day

کل ملک بھر میں پہلا قومی خلائی دن 2024 منایا جائے گا۔ یہ دن چاند کے جنوبی قطبی علاقے میں بھارت کے چندریان 3- وکرم لینڈر کے اترنے کے اعتراف میں منایا جا رہا ہے۔ اس موقع پر بنگلورو میں جواہر لال نہرو Planetaruium نے کئی پروگرام کا منصوبہ بنایا ہے۔ بنگلورو میں آکاشوانی نیوز کے ساتھ خصوصی بات چیت میں پلانیٹیریم کے ڈائریکٹر اور اسرو کے سابق سائنس داں ڈاکٹر B.R. Guruprasad نے قومی خلائی دن کے موقع پر ہونے والی سرگرمیوں کے بارے میں بتایا۔

## Israel PM Troop

اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نتن یاہو کے دفتر نے اِس بات کو غلط قرار دیا ہے کہ وہ حماس کے ساتھ ممکنہ جنگ بندی سمجھوتے کے حصے کے طور پر غزہ۔مصر سرحد سے فوجی دستوں کو ہٹانے پر رضامند ہوگئے ہیں۔

ایک بیان میں جناب نتن یاہو کے دفتر نے کہا ہے کہ اِس طرح کی اطلاعات درست نہیں ہیں۔ اِس سے پہلے امریکی وزیر خارجہ Antony Blinken نے پیر کو یہ اعلان کیا تھا کہ اسرائیل نے غزہ پٹی اور مصر کے درمیان ایک اہم سرحدی علاقے Philadelphi Corridor سے اپنے فوجیوں کو واپس بلانے سے اتفاق کرلیا ہے۔

## Czeeh Bomb Evacuation

چیک جمہوریہ کی پولیس نے کل دوسری عالمی جنگ کے دور کا ایک بم برآمد ہونے کے بعد جو پھٹا نہیں تھا، ملک کے شمال مغربی خطے میں ایک نزدیکی کیمیکل پلانٹ سے 582 افراد کو باہر نکالا ہے۔

چیک جمہوریہ کی تیل صاف کرنے والی اور پیٹرو کیمیکل کمپنی نے اپنی ویب سائٹ پر ایک بیان میں بتایا کہ Litvinov Most Distriction کے نزدیک

Orlen Unipetrol Plant کے ایک دور دراز کے حصے میں کھدائی کے کام کے دوران یہ Aerial Bomb برآمد ہوا ہے۔ پولیس نے بتایا ہے کہ یہ بم جس کا وزن 250 کلوگرام ہے، 27 اگست تک اسی جگہ رہے گا۔بحران سے متعلق ایک ٹیم اب آئندہ لائحہ حمل کو طے کرنے کے لیے میٹنگ کر رہی ہے۔x

## IMD Rain

بھارت کے محکمۂ موسمیاتIMD  نے ملک کے مشرقی مغربی، شمال مغربی اور وسطی حصوں میں اگلے چار روز کے دوران موسلا دھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ جنوبی جزیرۂ نما کے کچھ حصوں میں بھی اگلے سات روز کے دوران شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔

موسمیات سے متعلق ایجنسی نے بہار، اترپردیش، راجستھان، چھتیس گڑھ، گجرات، کونکن اور گوا میں 26 اگست تک بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تری پورہ میں بھی اگلے پانچ روز کے دوران شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ شمالی بنگلہ دیش میں ہوا کے کم دباؤ کا حلقہ بننے کی وجہ سے آسام،میگھالیہ اور تری پورہ میں اگلے 24 گھنٹے کے دوران دور دور تک شدید سے بہت شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔

اِس دوران دلی، اور اس سے متصل علاقوں میں صبح سویرے بہت ہلکی بارش ہوئی۔x

## Tripura Flood

اس دوران مسلسل بارش کی وجہ سے تری پورہ میں سیلاب کی صورتحال میں کوئی بہتری نہیں آئی ہے۔محکمۂ موسمیات کی جانب سے آج موسلہ دار بارش کے الرٹ کے ساتھ ریاستی مشینری پوری طرح چوکس ہے تاکہ اثرات کو کم کیا جا سکے اور لوگوں کو مدد فراہم کی جا سکے۔ سیلاب کا پانی رہائشی علاقوں میں داخل ہونے کی وجہ سے لوگوں کو مشکلات کا سامنا کرنی پڑ رہا ہے۔

گومتی اور موہاری بڑے دریا خطرے کے نشان سے اوپر بہہ رہے ہیں اور کئی ہیکٹر رقبے میں فصلی کھیت برباد ہوگئے ہیں۔

وزیراعلیٰ ڈاکٹرمانک Sahaنے اگرتلہ میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا برسرِ موقع جائزہ لیا اور صورتحال کا پتہ لگانے کے لیے شیلٹر ہومز کا دورہ کیا۔ اور ضروری مند لوگوں کو بروقت مدد فراہم کرنے کا یقین دلایا۔

**Sreejesh Kerala Hockey**

**کیرالہ سرکار نے پیرس اولمپکس میں کانسے کا تمغہ جیتنے والی بھارتی ہاکی ٹیم کے سابق گول کیپر P R Sreejesh کو دو کروڑ روپے کے نقد انعام سے سرفراز کرنے کا اعلان کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ Pinarayi Vijayan کی صدارت میں کابینہ کی میٹنگ میں یہ فیصلہ کیا گیا۔**

**ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر ریاستی سرکار کے محکمہئ اطلاعات نے کہا ہے کہ Sreejesh نے 2024 کے پیرس اولمپکس میں اپنا دوسرا اولمپک تمغہ جیت کر بھارت اور کیرالہ کا نام روشن کیا ہے۔**

**اِدھر بھارتی مردوں کی ہاکی ٹیم کا کَل بھوبنیشور ہوائی اڈے پہنچنے پر اُن کے مداحوں اور اڈیشہ سرکار نے والہانہ استقبال کیا۔ بھارتی ہاکی ٹیم نے حالیہ پیرس اولمپکس میں کانسے کا تمغہ حاصل کیا تھا۔**

**یہ تھی خبریں**

**PRESS COMMENTS**

**اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد**

**شکریہ - شبانہ**

**قومی راجدھانی سے شائع ہونے والے تقریباً سبھی اخبارات نے وزیراعظم مودی کے پولینڈ اور یوکرین دورے سے متعلق خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار پرتاپ کی شہ سرخی ہے: وزیراعظم مودی کا پولینڈ پہنچنے پر والہانہ خیر مقدم، 45 برسوں میں کسی بھارتی وزیراعظم کا پہلا دورہئ پولینڈ۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا کی سرخی ہے کملا ہیرس باضابطہ صدارتی امیدوار نامزد۔ اخبار ہندوستان ایکسپریس لکھتا ہے بھارت بند کا ملا جلا اثر، کوٹہ میں کوٹہ کے تعلق سے عدالت عظمیٰ کے حالیہ فیصلے کے خلاف مختلف تنظیموں نے درج کرایا اپنا احتجاج۔ اخبار پرتاپ نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے اس بیان کو اہمیت دی ہے کہ پوری دنیا چوتھے صنعتی انقلاب کے دور میں ہے۔ شکتی کانت داس لگاتار دوسرے سال اے پلس گریڈ کے سینٹرل بینکر بنے۔ اخبارات نے اس خبر کو نمایاں طور پر شائع کی ہے۔ اخبار ملاپ نے وزیر دفاع راج ناتھ کے 23 اگست سے امریکہ کے دورے پر جانے کی خبر کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔**

**اخبارات کی دیگر اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:**

**_ ایران میں زائرین کی بس حادثے کا شکار، 35 افراد جاں بحق**

**_ طالبان نے اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے نمائندے کو ملک میں داخل ہونے سے روکا۔**

**_ غزہ میں جنگ کے خاتمے کے لیے کوشش جاری رکھیں گے: قطری وزیر خارجہ کا بیان**

**آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر**

* وزیر اعظم نریندر مودی آج وارسا میں پولینڈ کے اپنے ہم منصب Donald Tusk کے ساتھ وفود کی سطح کی بات چیت کریں گے۔وزیر اعظم کاروباری رہنماؤں اور پولینڈ کے ممتاز افراد کے ساتھ بھی گفتگو کریں گے۔

* وزیر اعظم نے بیرون ملک آباد بھارتی افراد سے اپنے خطاب میں کہا کہ بھارت تنازعات کو حل کرنے کیلئے مذاکرات اور ڈپلومیسی میں یقین رکھتا ہے۔

* سرکار نے سوشل میڈیا پلیٹ فارمس سے کہا ہے کہ وہ کولکاتہ آبروریزی واقعے میں متاثرہ خاتون کی شناخت کے تعلق سے سپریم کورٹ کے حکم پر عمل کریں۔

* آندھراپردیش میں فارما کمپنی میں دھماکہ ہونے کے واقعے میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد 17 ہوگئی ہے۔ وزیر اعلیٰ چندر بابو نائیڈو نے اعلیٰ سطح کی تحقیقات کا اعلان کیا ہے۔

* آسام سرکار نے کم عمر میں شادیوں کی روک تھام کیلئے مسلم شادی اور طلاق رجسٹریشن ایکٹ اور ضابطوں کو منسوخ کرنے کیلئے ایک بل کو منظوری دی ہے۔

* اور بھارتی موسمیات محکمے نے اگلے چند روز کے دوران ملک کے مشرقی، مغربی، شمال مغربی اور وسطی حصوں میں موسلا دھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔